Syllabus 3248

Paper-1

# Cambridge O Level
## Second Language Urdu 3248

BOOKMARK

نظرِ ثانی شُدہ طباعت دوم

# کاوشِ جدید

نصاب برائے امتحانات 2024-2025-2026

- حل شُدہ اَمشاق کی مثالیں
- جدید تحقیق کے مُطابق سرگرمیاں
- نمونے کے پرچہ جات
- ویب سائٹ کے ذریعے ڈیجیٹل وسائل کی فراہمی

غلام وارث اقبال

# نصاب

برائے

# کیمبرج او لیول


## سیکنڈ لینگویج اُردو 3248

Syllabus

# Cambridge O Level
## Second Language Urdu 3248

Use this syllabus for exams in 2024, 2025 and 2026.
Exams are available in the June and November series.





## **Exercise 2:** Multiple Matching **(Total Marks: 9)**

# مشق نمبر: 2 جُملوں یا بیانات کو دُرست پیرا گراف سے ملانا (کُل نمبر: 9)

**حَاصِلاتِ تَعَلُّم:** (Learning Outcomes)

**اِس مشق کے اختتام تک طلبہ اِس قابل ہوسکیں گے کہ وہ:**

- متَن میں دی گئیں مُتعلّقہ معلُومات کی شناخت اور اُن کا انتخاب کرسکیں۔
- متَن میں موجُود خیالات، آرا اور رویّوں کو سمجھ سکیں۔
- متَن میں موجُود خیالات، آرا اور رویّوں کے درمیان تعلّق کو سمجھ سکیں اور اس کا اظہار کرسکیں۔

**نوٹ:**

مشق نمبر 2 میں دی گئی تمام عبارات صرف اسی کتاب کے لیے تخلیق کی گئی ہیں (ماسوائے مُصنّف کی اپنی کتابوں کے)۔ ان کا کسی دوسری کتاب یا تحریر سے کوئی تعلّق نہیں۔ ان عبارات میں استعمال کیے گئے کرداروں کے نام بھی فرضی ہیں، لہٰذا کسی بھی قسم کی مماثلت محض اتّفاق ہوگی۔

# مشق نمبر 1 کیا ہے؟

غار میں بیٹھی ہوئی عورت نے اپنے شوہر سے کہا،

''سردی شروع ہوگئی ہے، مُنّے کو کپڑے چاہئیں۔''

اُس عورت کے میاں نے اپنا بھالا اُٹھایا اور جنگل میں چلا گیا۔ ایک جانور کا شکار کیا، اُس کی کھال اُتاری اور گھر لے آیا۔ لیں جی مُنّے کے لباس کا انتظام ہوگیا۔ آج کسی نے اپنے مُنّے کا لباس خریدنا ہو تو سو طرح کے بکھیڑوں سے گُزرنا پڑتا ہے۔ پہلے پہل اخبارات میں اِشتہارات اِس سلسلے میں مدد کیا کرتے تھے۔ پھر ٹی وی پر اِشتہاری فلمیں چلنے لگیں، لیکن اب تو موبائل فون کی وجہ سے اِشتہار آپ کے ہاتھوں میں آ جاتا ہے۔ یوں اِشتہار خریدار اور دُکان دار یا کاروباری حضرات دونوں کی ضرورت بن گیا ہے۔

اِشتہارات کے اس نئے دور میں کئی اَقسام کے اشتہار بنائے جاتے ہیں۔ آپ کے نصاب کے پرچہ اوّل: پڑھائی اور لکھائی کی پہلی مشق میں طلبہ کو پڑھنے کے لیے ایک چھوٹا متَن دیا جاتا ہے اور اس متَن کی فہم کو جانچنے کے لیے کچھ مختصر سوالات دیے جاتے ہیں۔ ان سوالات کے ذریعے طلبہ کی کسی متَن کو عمومی انداز میں پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت کو جانچا جاتا ہے۔

طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی فہم کا اظہار سوال کے مُطابق ایک لفظ یا جُملے میں کریں۔ یہ متَن درجِ ذیل اَقسام کے اِشتہارات پر مشتمل ہوسکتا ہے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پوسٹر | لِیف لیٹ | بروشر | رہنما رسالہ یا کتابچہ | رپورٹ | مینوئلز |
| ہدایات | اخبار | میگزین | آرٹیکل | کیٹلاگ | پمفلٹ |

طلبہ کی آسانی کے لیے اِن اِشتہارات کی کئی اَقسام پر سرگرمیاں تیار کی گئی ہیں لہٰذا طلبہ اِشتہاری متَن یعنی لکھی ہوئی کسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور پھر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

1۔ اِس اِشتہار کو غور سے پڑھیے اور اگلے صفحے پر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

# ہم لگائیں گے دس ارب پودے



"آئیے!
وطنِ عزیز کو سرسبز بنانے
کی مُہم میں حصّہ لیجیے۔"

**کُرّۂ اَرض پر بڑھتی ہوئی حِدّت کا مُقابلہ درخت لگا کر کیجیے۔**



پودا یا درخت لگانا ایسی نیکی ہے جس کا ثواب پودا لگانے والے کو اُس وقت تک ملتا رہتا ہے جب تک کہ لوگ اُس سے فائدہ اُٹھاتے رہتے ہیں۔ اسی لیے اِس عمل کو صدقۂ جاریہ کہا جاتا ہے۔

**وزیرِاعظم نے ہری پُور میں پودا لگا کر شجرکاری مُہم کا اِفتتاح کیا۔**

اِس مُہم میں حصّہ لینے کے لیے نیچے دی گئی ویب سائٹ پر خود کو رجسٹر کیجیے تاکہ آپ سے رابطہ کیا جا سکے۔ آپ یہ کام اپنے علاقے میں اپنے دوستوں کے ساتھ مِل کر بھی کر سکتے ہیں۔

"وطنِ عزیز سے مُحبّت رکھنے والے مُخیّر دوست ہمیں دَستانے، ضروری آلات اور رضاکار فراہم کر کے اِس مُہم میں ہماری مدد فرما رہے ہیں۔"

منجانب: ا۔ب۔ج۔ فاؤنڈیشن، ہیڈ آفس، اسلام آباد۔ ٹیلی فون: 1234567890 (123)

2۔ اِس اِشتہار کو غور سے پڑھیے اور اگلے صفحے پر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔


# گرمی کے مُضر اَثرات اور اُن سے بچاؤ





## سرسام یا لُو لگنا۔

- جِلد کا خُشک اور گرم ہونا۔
- آنکھوں کی پُتلی کا سُکڑ جانا۔
- جسم کا درجۂ حرارت بہت بڑھ جانا۔
- پسینہ نہ آنا۔




## گرمی سے تھکاوٹ۔

- پسینہ آنا اور نَم جِلد۔
- آنکھوں کی پُتلی کا پھیل جانا۔
- جسم کے درجۂ حرارت کا عمومی یا غیر عمومی ہونا۔

## لُو لگنے کی صُورت میں کیا کریں؟



پانی یا مشروبات پلائیے۔



درجۂ حرارت کم کرنے کے لیے پنکھے کا استعمال کریں۔

ٹھنڈے پانی کی پٹّیاں جسم پر رکھیں اور تولیے سے نرمی سے رگڑیئے۔



ٹانگوں کو سہارا دے کر بلند کریں۔

مریض کو ٹھنڈی اور محفوظ جگہ پر لِٹائیے۔

## انسانی جسم میں گرمی بڑھ جانے پر کیا ردِّعمل ہو سکتا ہے؟

- 30°C بہترین/ مناسب درجۂ حرارت۔
- 33°C پسینہ آنا۔
- 35°C حرارت کو مُنظّم کرنے کا نظام متحرک ہونا۔
- 38°C خُون کا جِلد کی طرف بڑھنا۔
- 39°C پسینے کے غُدود کا بند ہونا۔
- 40°C غُنودگی۔
- 41°C موت کا اندیشہ۔

## گرمی سے نمٹنے کے لیے چند ہدایات

- مشروبات کا زیادہ استعمال۔
- گرمی میں مُشقّت سے پرہیز۔
- شدید گرمی میں دن کے 10 بجے سے 4 بجے تک باہر نکلنے سے گُریز کیجیے۔
- خوراک کا خیال رکھیے۔
- شدید دھوپ اور گرمی میں سَر ڈھانپ لیجیے۔
- چائے، کافی، کولڈ ڈرنک وغیرہ کے استعمال سے پرہیز کیجیے۔

## گرمی لگنے کی صُورت میں انسانی جسم پر ہونے والے سنجیدہ اَثرات

- نمکیات کی کمی سے پٹّھوں کا کھچاؤ۔
- پانی کی کمی سے شدید تھکاوٹ۔
- گرمی سے بے ہوشی۔

منجانب: ا۔ب۔ج۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل، ہیڈ آفس، بلوچستان۔ ٹیلی فون: (123) 1234567890

6 - نیچے دیے گئے مینوَل کو غور سے پڑھیے اور اگلے صفحے پر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

# ابج سیلیولرز™

## موبائل مینوَل برائے صارفین



ابج سیلیولرز™

## موبائل کی اہم خصُوصیات

| | | |
|---|---|---|
| سامنے کیمرہ | فعّال سینسر | رہنُما نشانات |
| مکمّل مینیو | ہوم بٹن | پچھلی طرف بٹن |
| سرچ بٹن | گُوگل سرچ بار | بیرونی اسپیکر |

ابتدائی نوعیت کے شارٹ کٹس کے علاوہ اور بہت کچھ...

### 1 سِم کارڈ لگانے کا طریقہ



- فون کی پچھلی طرف اُوپری حصّے میں موجود ڈھکّن کو ناخُن یا کسی نوک دار چیز سے کھولیے۔
- اب اِس ڈھکّن کو فون سے علیحدہ کیجیے۔

### 2 سِم کارڈ کو انسٹال کرنا



- احتیاط سے سِم کارڈ کو اُس کی جگہ پر لگا ئیے۔ اِس بات کو یقینی بنا ئیے کہ سِم کا سُنہری حصّہ فون کے نچلے حصّے کی طرف ہو۔
- جب آپ اپنے نیٹ ورک پر جائیں گے تو آپ کو سِم کارڈ کی مکمّل تفصیل ملے گی جس میں پِن نمبر بھی شامل ہو گا۔ دی جانے والی ہدایات پر عمل کرنے پر آپ کی سِم فعال ہو جائے گی۔

### 3 میموری کارڈ لگانا

- موبائل کی میموری بڑھانے کے لیے آپ مائیکرو ایس۔ ڈی (SD) یا مائیکرو ایس۔ ڈی۔ ایچ (SDH) کارڈ استعمال کر سکتے ہیں۔ اِس کارڈ کی وجہ سے آپ اپنے موبائل میں تصاویر، دستاویزات وغیرہ ڈاؤن لوڈ کرنے کی استعداد بڑھا سکتے ہیں۔



- سب سے پہلے موبائل فون کی بیٹری کو ناخُن یا کسی باریک نوک دار چیز سے الگ کیجیے اور میموری کارڈ کو اُس کی جگہ پر لگائیے۔
- میموری کارڈ نکالنے کے لیے اُس وقت تک میموری کارڈ کو دبائے رکھیں جب تک وہ اپنے کِلپ سے نکل نہ جائے۔ اب میموری کارڈ کو پکڑیے اور اپنے فون سے نکال لیجیے۔

### 4 بیٹری لگانا



- موبائل کا پچھلا حصّہ کھول کر اُس میں بیٹری کی جگہ پر بیٹری لگائیے۔ بیٹری کو احتیاط سے دبا کر اطمینان کر لیں کہ بیٹری اپنی صحیح جگہ بیٹھ گئی ہے۔

### 5 سفری چارجر استعمال کرنا



- پہلے اس بات کو یقینی بنالیں کہ موبائل میں اس کی اپنی بیٹری موجود ہے۔
- اب سفری چارجر کو اس کے لیے بنائی گئی جگہ پر لگائیں۔

9 - نیچے دیا گیا لیف لیٹ غور سے پڑھیے اور اگلے صفحے پر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

# سبز پاکستان

## شمسی توانائی کمپنی

- اگر آپ پُورے گھر کو شمسی توانائی پر منتقل کرنا چاہتے ہیں تو ہم آپ کو دیں گے دس فیصد (10%) رعایت۔
- اِس کے علاوہ آپ کو دی جائیں گی شمسی توانائی کی...

## دو پلیٹیں بالکُل مُفت

- سولر پینل کی تنصیب بھی بالکُل مُفت کی جاتی ہے۔
- اگر آپ ہمیں فون کر کے معلومات حاصل کرتے ہیں تو ہم آپ کو ایک کوڈ نمبر دیں گے جس کے ذریعے آپ ایک مشہُور

**سُپرّ اسٹور اور ریسٹوران**

کے بِل پر رعایت پاسکیں گے۔




## نئے دور کے نئے تقاضے

- شمسی توانائی کا استعمال ایک حیران کُن اور خوش گوار تجربہ ہے لہٰذا اسے ضرور آزمائیے۔
- ہماری کمپنی ایک بین الاقوامی کمپنی ہے جس کا نصبُ العین دُنیا بھر میں توانائی کے بحران کا خاتمہ ہے۔

منجانب: پاکستان شمسی توانائی کمپنی، ہیڈ آفس، سیالکوٹ۔

ٹیلی فون: (123) 1234567890

## اپنے گھر کو گرڈ اسٹیشن بنائیے




- پاکستان کا اپنا تیار کردہ
- چھوٹے پیمانے پر بہترین سرمایہ کاری
- آمدن کا بہترین ذریعہ
- بجلی کے بِل سے بے فِکری

# ای میل لکھنے کے حل شُدہ نمونے

1 - آپ کے چچا کے بیٹے نے نئی ملازمت حاصل کی ہے۔ اُنھیں اس کامیابی پر ایک ای میل لکھیے۔

اپنی ای میل میں مُندرجہ ذیل نِکات شامل کیجیے۔

- بڑی کمپنی میں مُلازمت پر مُبارک باد
- اس ملازمت میں درپیش چیلنجز
- کامیابی کی ضمانت

آپ کی ای میل 150 الفاظ پر مُشتمل ہونی چاہیے۔ مواد کے 6 جب کہ زبان اور طرزِ تحریر کے 8 نمبر ہوں گے۔

**ہدایات برائے طرزِتحریر**

New message

To abcd@1234.com.pk برائے: ← جسے ای میل لکھی جائے اُس کا ای میل ایڈریس

Subject عُنوان: نئی مُلازمت پر مُبارک باد ← ای میل کا مُختصر موضُوع

محترم بھائی ارسلان! ← القاب

السّلامُ علیکم! ← سلام

مجھے آج ہی معلوم ہوا ہے کہ آپ ایک بڑی موبائل فون کمپنی میں اپنی مرضی کی ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ آپ کو اس نئی ملازمت پر میری اور میرے گھر والوں کی طرف سے بہت بہت مبارک ہو۔ یہ ملازمت جہاں آپ کے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں وہیں ہم سب کے لیے باعثِ فخر بھی ہے۔ ← پہلے اشارے کا جواب

یہ ملازمت آپ کے لیے ایک نیا تجربہ ہے اس لیے یہ آپ کے لیے کسی چیلنج سے کم نہیں۔ نئی کمپنی اور نامانُوس لوگوں کے ساتھ کام کرنا یقیناً ایک مشکل مرحلہ ہے لیکن ہمیں آپ کی صلاحیتوں پر کامل بھروسا ہے۔ آپ نہ صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص ہیں بلکہ محنتی اور پُرعزم بھی ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنی صلاحیتوں کی وجہ سے اس ملازمت کے تقاضوں پر پُورا اُترنے میں کامیاب ہی نہیں ہوں گے بلکہ مزید ترقّی بھی کریں گے۔ اِن شاءاللہ ← دوسرے اور تیسرے اشارے کا جواب

آخر میں، مَیں یہ کہوں گا کہ اللہ آپ کو مزید ترقّیوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ ← اِختتامی جُملہ

آپ کا بھائی
ا۔ب۔ج ← اختتامیہ

[14]

SEND

## ٹوئٹر (ایکس)

### ٹوئٹر کیا ہے؟

ٹوئٹر (Twitter) (جسے آج کل ایکس بھی کہا جاتا ہے) چھوٹے پیمانے پر رابطے کا ایک ایسا ذریعہ ہے جو اپنے صارفین

چھوٹے متن پر مبنی پیغامات وصول کرنے اور بھیجنے کی اجازت دیتا ہے۔ یہ پیغامات ویڈیو، تصویر یا متن کی صورت میں ہو

## تصویری اشارات پر لکھنا

### شارات کی مدد سے لکھنا کیا ہے؟

## رپورٹ نگاری

### رپورٹ نگاری کیا ہے؟

جنگ کا میدان ہو یا حالتِ امن، تجارت کا بازار ہو یا درس و تدریس کا میدان

## بلاگ

Weblog کی مختصر صورت ہے ابتدائی طور پر

## درخواست لکھنا

### ہے؟

درخواست ایک ایسی تحریر ہے جس میں لکھنے والا کسی خاص شخص یا

ش، عرض یا التجا کرتے ہیں۔

## کتاب پر تبصرہ

### بصرہ لکھنا کیا ہے؟

کوئی کتاب پڑھتے ہیں تو اس کتاب کے بارے میں ہماری کوئی نہ کوئی رائے

## ویب سائٹ پر تاثرات لکھنا

### ت لکھنا کیا ہے؟

پوسٹس، فیچر یا مضامین ہوتے ہیں جن پر ہم تبصرہ یا اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہیں۔

## اشارات کی مدد سے تقریر لکھنا

### مدد سے تقریر لکھنا کیا ہے؟

## خطوط نویسی

### خطوط نویسی کیا ہے؟

خطوط نویسی رسمی نوعیت کی تحریر (Functional Prose) کا ایک اہم حصہ ہے۔ خط کو نصف الملاقات یعنی آدھی ملاقات کہا

## رپورٹ کیا ہے؟

رپورٹ سے مُراد ایک ایسا مضمُون یا بیان ہے جس میں کسی واقعے، صُورتِ حال، شے یا کسی مشاہدے سے مُتعلّق تحقیق پر مبنی حقائق بیان کیے جاتے ہیں۔

## رپورٹ کے ضروری عناصر

- کس نے لکھی؟
- کس کے لیے لکھی گئی؟
- کس کے بارے میں لکھی گئی؟
- کس تاریخ کو لکھی گئی۔

## رپورٹ کے اہم حصّے

### آغاز

اس حصّے میں رپورٹ کے موضوع سے قاری کو آگہی دلائی جاتی ہے۔

### نفسِ مضمون

اس حصّے میں ایک مضمُون کی طرح رپورٹ کے موضوع کے مطابق حقائق اور معلومات کا بیان کیا جاتا ہے نیز ہر طرح کے شواہد اور اعداد و شمار بیان کیے جاتے ہیں۔

### اِختتام

اس حصّے میں رپورٹ کا اِختتام کرتے ہوئے تجاویز بھی پیش کی جاتی ہیں۔

## رپورٹ لکھنے کے رہنُما اُصول

- اصول نمبر 1: رپورٹ میں حقائق بیان کیے جائیں اور آرا سے گُریز کیا جائے۔
- اصول نمبر 2: حقائق کے لیے ثبوت اور حوالہ جات بھی فراہم کیے جائیں۔
- اصول نمبر 3: رپورٹ کی ضَخامت کا تعلّق اُس کے موضوع اور لکھنے والے کی ضرورت پر ہوتا ہے۔
- اصول نمبر 4: رپورٹ خط، فارم یا مضمُون کی صُورت میں لکھی جاسکتی ہے۔

## کچھ کتاب کے بارے میں

اِس تصنیف کی صُورت میں مُصنّف نے اپنی تعلیم اور دَرس و تدریس کے تجربے کا نچوڑ آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے۔
اِس تصنیف کی نُمایاں خصُوصیات درجِ ذیل ہیں:

- کتاب میں پیش کیا گیا تمام مواد Cambridge Assessment International Education اور کیمبرج یونیورسٹی کی طرف سے فراہم کردہ تفصیلی ہدایات کے عین مُطابق ترتیب دیا گیا ہے۔
- ہر مشق شروع کرنے سے پہلے Active Learning کے تصوّر کو اپناتے ہوئے تیاری کی ایسی سرگرمیاں (warm-up activities) کروائی گئی ہیں جن میں طلبہ عملی طور پر شریک ہو سکیں گے۔
- آسان اور مختصر ہدایات کے ذریعے طلبہ کی رہنمائی کی گئی ہے اور ہر مشق سے پہلے نمونے کی تین، تین امشاق حل کر دی گئی ہیں۔
- فلو چارٹ، تصاویر اور رنگوں کے موزوں استعمال سے کتاب کو دل چسپ، آسان اور دیدہ زیب بنایا گیا ہے۔
- Bloom's Taxonomy کے تصوّر کے مُطابق آسان سے مشکل کا طریقۂ کار اختیار کیا گیا ہے۔
- تمام تر مواد کو مرتّب کرتے ہوئے طلبہ کی عُمر، اُن کے رُجحانات، پسندیدہ موضوعات اور عصری تقاضوں کو ملحوظِ خاطر رکھا گیا ہے۔

اُمید ہے کہ ''کاوشِ جدید'' اِس کڑے امتحان میں پُورا اُترے گی اور بچّوں کے لیے کیمبرج سیکنڈ لینگویج اُردُو 3248 کے نئے نصاب برائے امتحانات 2024، 2025 اور 2026 کی تیاری میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اُن کے لیے اُردُو کے مضمون میں دل چسپی کا باعث بھی بنے گی۔ اِن شاءاللہ


Helpline
+923363-008-008

For your suggestions and feedback, write us at: **info@bookmark.com.pk**



**Follow us on:**

/BookmarkPublishing
/bookmarkpublishingpak
/infobookmark
/bookmarkpublishing
/bookmarkpublishing
www.bookmark.com.pk



ISBN 978-969-6880-83-7
9 789696 880837
P.O.#1913/ July 2024
Printed by: S.N Enterprises